# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 16 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۶/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ بھارتی خلائی اِدارے اِسرو کی جانب سے آج اپنے چھوٹے سیٹلائٹ لانچ وہیکل SSLV سے اَرتھ آبزرویشن اب سے کچھ دیر بعد لانچ کیا جائے گا

☆ ممبئی میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں پرچم کشائی ' مراٹھواڑہ میں یوم آزادی جوش وخروش سے منایا گیا

☆ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت اب تک 80 / لاکھ سے زائد خواتین کو اسکیم کا فائدہ حاصل ' وزیر اعلیٰ کی بہن کے طور پر نئی پہچان ملنے کا خواتین کا دعویٰ

اور

☆ ریاست کے بہترین عوامی گنیش منڈلوں کو ثقافتی امور محکمہ کی جانب سے ایوارڈ دیا جائے گا

اب خبریں تفصیل سے...

بھارتی خلائی اِدارہ اِسرو آج اپنے چھوٹے سیٹلائٹ لانچ وہیکل SSLV اَرتھ آبزرویشن کو لانچ کرے گا۔ یہ تقریب صبح نو بج کر سترہ منٹ پر شری ہری کوٹا کے ستیش دھون خلائی مرکز سے شروع ہوگی۔ اِس کے ساتھ ہی چھوٹے سیٹلائٹ لانچ وہیکل کے ترقی کا کام پورا ہو جائے گا اور یہ چھوٹے سیٹلائٹ لانچ کرنے کے لیے خدمات راہم کرنے کی پوری صلاحیت حاصل کر سکے گا۔

PSLV سے دس میٹر چھوٹا راکٹ SSLV چھوٹے ہلکے وزن اور نینو سیٹلائٹ کو زمین کے نچلے مدار میں چھوڑنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ SSLV ایک سے زیادہ کم لاگت والے سیٹلائٹ کو خلا میں بھیجنے اور کم سے کم لانچنگ انفراسٹرکچر کے ساتھ لانچنگ مشین کو مکمل کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ SSLV کی قیمت PSLV کے مقابلے میں تقریبا 20 / سے 30 / فیصد کم ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں 78 / ویں یوم آزادی ہر طرف جوش وخروش سے منایا گیا۔ ممبئی میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ گورنر سی پی رادھا کرشن کے ہاتھوں پونہ وِدھان بھون میں پرچم کشائی کی گئی۔ مراٹھواڑہ میں بھی پرچم کشائی سمیت دیگر پروگراموں کے ذریعہ یوم آزادی منایا گیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں ڈیویژنل کمشنر آفس میں پرچم کشائی کی گئی۔ ریاست کے اقلیتی ترقی اوقاف اور مارکیٹنگ وزیر ضلع کے رابطہ وزیر عبدالستار کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ اِس موقع پر ڈیویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے، ضلع کلکٹر دلیپ سوامی سمیت مختلف محکموں کے اہم افسران موجود تھے۔

***** ***** *****

جالنہ میں ضلع کلکٹر دفتر کے صحن میں اہم سرکاری پرچم کشائی رابطہ وزیر اتل ساوے کے ہاتھوں ہوئی۔ اِس موقع پر رابطہ وزیر ضلع کے شہریوں کو یوم آزادی کی مبارکباد دی۔ ضلع کلکٹر ڈاکٹر شری کرشن پانچاڑ سمیت سرکاری افسران وملازمین مجاہد آزادی اور معززین موجود تھے۔

***** ***** *****

بیڑ میں ریاست کے زرعی وزیر و رابطہ وزیر دھننجئے منڈے کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ اِس موقع پر ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک، پولس سپرنٹنڈنٹ اویناش بارگڑ سمیت ضلعے کے اہم افسران موجود تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں ضلع کلکٹر ابھجیت راؤت کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ضلعے کی مختلف تنظیموں کی جانب سے عطیہ خون کیمپ ' ثقافتی پروگرام کے ذریعے یوم آزادی منایا گیا۔

***** ***** *****

لاتور میں ضلع کلکٹر دفتر کے صحن میں کھیل اور بہبود نوجوان وزیر سنجئے بنسوڑے کے ہاتھوں اہم سرکاری پرچم کشائی کی گئی۔اِس موقعے پر ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے ' ضلع پریشد کے سی ای او انمول ساگر ' پولس سپر نٹنڈنٹ سومئے منڈے سمیت دیگر معززین موجود تھے۔ اِس موقع پر اپنے خطاب میں بنسوڑے نے وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم' وزیر اعلیٰ انا پورنا اسکیم کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو میں وزیر صحت و ضلع رابطہ وزیر ڈاکٹر تاناجی ساونت کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔اِس سے قبل رابطہ وزیر نے شہیدوں کی یادگار پر پھول نچھاور کر کے خراج عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کلکٹر دفتر علاقہ میں ضلع کلکٹر خوشحال سنگھ پردیشی کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔اِس موقعے پر رکن اسمبلی تاناجی ساونت و دیگر موجود تھے۔

***** ***** *****

پربھنی میں اہم سرکاری پرچم کشائی پروگرام ضلع کلکٹر دفتر کے صحن میں ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاؤڑے کے ہاتھوں عمل میں آئی۔اِس موقعے پر رکن اسمبلی ڈاکٹر راہل پاٹل ' ضلع پریشد سی ای او رشمی کھانڈیکر ' ضلع پولس سپر نٹنڈنٹ رویندر پردیش و دیگر موجود تھے۔گاؤڑے کے ہاتھوں اِس موقعے پر مجاہدین آزادی ' بہادروں کی بیویوں کا اعزاز کیا گیا اور ضلع کے اسکالر شپ امتحان میں ریاستی سطح پر نمایاں طلبا کو صداقت نامے دیے گئے۔

***** ***** *****

ممبئی ہائی کورٹ کی اورنگ آباد بینچ میں جسٹس رویندر گھوگے کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ ڈاکٹر باباصاحیب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کے ہاتھوں ' ناندیڑ میں سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر کے ہاتھوں ' پربھنی کی وسنت راؤ نائک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر اِندر منی کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔

***** ***** *****

ملک آج سابق وزیراعظم و بھارت رتن ڈاکٹر اٹل بہاری واجپائی کی اُن کی برسی پر خراجِ عقیدت پیش کرتا ہے۔ نئی دہلی کے سدیو اٹل میں اٹل بہاری واجپائی کی سمادھی پر ایک دعائیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کی پہلی قسط دینے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ اِس ضمن میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کل اسکیم کے مستفیدین سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کی بہن اِس طرح ایک نئی پہچان اِس اسکیم کی وجہ سے ملنے کی بات خواتین نے کہی۔ ریاست کی بہنوں کے چہروں پر خوشی دیکھ کر اطمینان ہوا ہے۔ یہ اسکیم صرف الیکشن تک نہیں ہے بلکہ ہمیشہ ہے۔ خواتین واطفال بہبود وزیر ادیتی تٹکرے نے اطلاع دی کہ اس اِسکیم کے تحت اب تک 80 / لاکھ سے زائد اہل خواتین کو فائدہ پہنچا ہے۔ باقی خواتین کو بھی 17 / اگست تک اِس اسکیم کا فائدہ پہنچے گا۔

***** ***** *****

ریاست میں آئندہ سات ستمبر سے گنیش اُتسو کا آغاز ہو رہا ہے۔ اِس سلسلے میں ریاستی حکومت کے ثقافتی امور محکمے کی جانب سے ریاست کے بہترین گنیش منڈلوں کو ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ سرِ فہرست تین فاتح گنیش منڈلوں کو بالترتیب پانچ لاکھ ' ڈھائی لاکھ اور ایک لاکھ روپے انعام دیا جائے گا۔ آئندہ 31 / اگست سے قبل زیادہ سے زیادہ گنیش منڈلوں سے درخواستیں دے کر اِس مقابلے میں شریک ہونے کی اپیل وزیر برائے ثقافتی امور سُدھیر مُنگنٹیوار نے کی ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں لائنس کلب کی جانب سے ایک ہزار فٹ طویل لمبائی پر مشتمل ترنگا پرچم کی ریلی اور قومی پرچم کے احترام سے متعلق راستے پر بیدار کیا گیا۔ گاندھی چوک تا چھترپتی شیواجی مہاراج مجسمے تک نکالی گئی اِس ترنگا ریلی میں شہر کے تقریباً پچاس اسکولوں کے پانچ ہزار سے زائد طلبا نے شرکت کی۔

***** ***** *****

جالنہ پولس کمشنریٹ کے مشقی میدان کی تزئین کاری اور اسٹریٹ لائٹ کے کاموں کی رونمائی کل ضلعے کے رابطہ وزیر اتل ساوے کے ہاتھوں کیا گیا ۔

دریں اثناء مہاراشٹر عوامی حدمات قانون 2015ء کے تحت بہترین خدمات کے انجام دہی پر تعمیرات عامہ محکمے کے سپرنٹنڈنٹ انجینئر بی ایم تھورات کا کل دھاراشیو میں رابطہ وزیر تاناجی ساونت کے ہاتھوں سرٹیفکیٹ دے کر استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے رابطہ وزیر دھننجئے منڈے نے اپیل کی ہے کہ دارالمطالعات ملک کے مستقبل کو روشن بنانے کا کام کریں ۔ منڈے کل سرکاری دارالمطالعہ کے سنگ بنیاد تقریب سے مخاطب تھے ۔ انھوں نے بتایا کہ یہ دارالمطالعہ کتابوں سمیت ڈیجیٹل بکس سے بھی لیس ہوگا اور اِس طرز کا ریاست میں یہ چوتھا دارالمطالعہ ہوگا۔

***** ***** *****

لاتور میں سابق وزیر اعلیٰ آنجہانی ولاس راؤ دیشمکھ کے بارہویں یادگار دن کے موقعے پر ولاس امداد باہمی شکر کارخانے میں عطیہ خون کیمپ منعقد کیا گیا۔ اِس دوران 81 ملازمین نے اپنے خون کا عطیہ دیا۔

***** ***** *****

سرکاری دفاتر اور اسکول و کالج سمیت شہر و اطراف کے مدارس دینیہ میں یوم آزادی کی تقاریب منعقد ہوئی ۔ اِس دوران پرچم کشائی کی گئی اور طلباء کو اساتذہ نے حب الوطنی پر مبنی نعرے لگوائے ۔ اساتذہ نے طلباء کو آزادی کی تاریخ سے واقف رہنے اور آزادی سے متعلق معلومات لینے کا پیغام دیا۔

***** ***** *****

آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ بھارتی خلائی اِدارے اِسرو کی جانب سے آج اپنے چھوٹے سیٹلائٹ لانچ وہیکل SSLV سے اَرتھ آبزرویشن س اب سے کچھ دیر بعد لانچ کیا جائے گا

☆ ممبئی میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں پرچم کشائی ' مراٹھواڑہ میں یوم آزادی جوش وخروش سے منایا گیا

☆ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے تحت اب تک 80 /لاکھ سے زائد خواتین کو اسکیم کا فائدہ حاصل ' وزیر اعلیٰ کی بہن کے طور پر نئی پہچان ملنے کا خواتین کا دعویٰ

اور

☆ ریاست کے بہترین عوامی گنیش منڈلوں کو ثقافتی امور محکمہ کی جانب سے ایوارڈ دیا جائے گا

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆